21 مئی 2013ء

مالی سال 13ء کے پہلے دس ماہ کے دوران
جاری کردہ زرعی قرضے 15.74 فیصد بڑھ کر 259.1 ارب روپے تک پہنچ گئے

رواں مالی سال (13-2012ء) کے پہلے دس ماہ (جولائی تا اپریل مالی سال 13ء) کے دوران بینکوں کی جانب سے جاری کردہ زرعی قرضوں میں 15.74 فیصد کا سال بسال اضافہ ہوا اور وہ بڑھ کر 259.1 ارب روپے تک جا پہنچے۔ مطلق (absolute) اعتبار سے جولائی تا اپریل مالی سال 13ء میں زرعی شعبے کو جاری کردہ قرضوں میں 35.23 ارب روپے کا اضافہ ہوا جبکہ پچھلے سال کی اسی مدت میں مجموعی طور پر 223.85 ارب روپے کے قرضے جاری کیے گئے تھے۔

پانچ بڑے کمرشل بینکوں بشمول الائیڈ بینک لمیٹڈ، حبیب بینک لمیٹڈ، ایم سی بی بینک لمیٹڈ، نیشنل بینک آف پاکستان اور یونائیٹڈ بینک لمیٹڈ نے مجموعی طور پر 139.07 ارب روپے کے قرضے جاری کیے جبکہ جولائی تا اپریل م س 12ء میں 120.41 ارب روپے کے قرضوں کا اجرا ہوا تھا، اس طرح 15.49 فیصد کا اضافہ ہوا۔

جولائی تا اپریل مالی سال 13ء کے دوران سب سے بڑے اسپیشلائزڈ بینک زرعی ترقیاتی بینک لمیٹڈ (ZTBL) نے 44.25 ارب روپے کے قرضے جاری کیے جبکہ پچھلے سال کی اسی مدت میں 43.90 ارب روپے کے قرضے جاری کیے گئے تھے۔ پنجاب پراونشل کوآپریٹو بینک لمیٹڈ (PPCBL) نے جولائی تا اپریل مالی سال 13ء کے دوران 5.66 ارب روپے کے قرضے جاری کیے جبکہ گذشتہ سال کی اسی مدت میں 6.35 ارب روپے کے قرضوں کا اجرا ہوا تھا۔

جولائی تا اپریل مالی سال 13ء کے دوران 14 ملکی نجی بینکوں نے بھی مجموعی طور پر 56.36 ارب روپے کے قرضے جاری کیے جبکہ گذشتہ مالی سال کی اسی مدت میں 44.14 ارب روپے کے قرضے جاری کیے گئے تھے۔

پانچ مائیکروفنانس بینکوں بشمول خوشحالی بینک لمیٹڈ، این آر ایس پی مائیکروفنانس بینک لمیٹڈ، دی فرسٹ مائیکروفنانس بینک لمیٹڈ، پاک عمان مائیکروفنانس بینک لمیٹڈ، اور تعمیر مائیکروفنانس بینک لمیٹڈ نے جولائی تا اپریل مالی سال 13ء کے دوران 13.73 ارب روپے کے زرعی قرضے جاری کیے جبکہ گذشتہ مالی سال کے اسی عرصے کے دوران 9.03 ارب روپے کے زرعی قرضے جاری کیے گئے تھے۔

واضح رہے کہ اسٹیٹ بینک نے بینکوں کے لیے رواں مالی سال میں زرعی قرضوں کے اجرا کا علامتی ہدف 315 ارب روپے مقرر کیا ہے۔

☆☆☆